© rasailojaraid.com

انتخاب مجلس احرار اسلام قصور

مجلس احرار اسلام قصور کے ارکان کا انتخابی اجلاس چودھری محمد عاشق احرار کی زیرصدارت دفتر مجلس احرار اسلام چوک شہیداں کوٹ مراد خان قصور میں منعقد ہوا جس میں اتفاق رائے سے ۹۸۔۱۹۹۷ء کے لئے درج ذیل عہدیداران کا انتخاب عمل میں آیا۔

امیر: چوہدری محمد عاشق احرار — ناظم اعلیٰ: مولانا محمد طفیل رشیدی
سینیئر نائب امیر: محمد اکرم رستم — نائب ناظم: صوفی محمد صابر
نائب امیر اول: عبدالرزاق صدیقی — ناظم نشرواشاعت: شبیر حسین
نائب امیر دوم: صوفی محمد حسن — نائب ناظم نشرواشاعت: احمد حسین

نوٹ: مولانا محمد اکبر صاحب کو سینیئر نائب صدر نامزد کیا گیا تھا مگر ان کے انتقال کے بعد اب ان کی جگہ محمد اکرم رستم صاحب کو سینیئر نائب صدر نامزد کیا گیا ہے۔

ارکان مجلس شوریٰ: (۱) چوہدری محمد عاشق احرار (۲) عبدالرزاق صدیقی (۳) صوفی محمد حسن (۴) صوفی محمد صابر (۵) مولانا محمد طفیل رشیدی (۶) شبیر حسین (۷) احمد حسین (۸) چوہدری محمد صادق (۹) محمد اکرم رستم (۱۰) قاری محمد مشتاق (۱۱) مستری مبارک علی

قرار داد تعزیت

شرکاء اجلاس نے تعزیتی قرار داد میں مجلس احرار اسلام قصور کے سابق صدر مستری مبارک علی صاحب کی اہلیہ کے انتقال پر گہرے غم کا اظہار کیا۔ مرحومہ کے لئے دعاء مغفرت کی اور مستری مبارک علی صاحب سے اظہار تعزیت کیا۔

مولانا محمد اکبر کی یاد میں تعزیتی اجلاس

مجلس احرار اسلام قصور کے سینیئر نائب صدر اور جید عالم دین مولانا حاجی محمد اکبر (فارغ التحصیل ام القراء یونیورسٹی مکہ مکرمہ) کے اچانک انتقال پر ایک تعزیتی اجلاس منعقد ہوا۔ قاری حبیب اللہ قادری نے تلاوت قرآن مجید کی اور محمد آصف، محمد امجد نے نعت پیش کی۔ چوہدری محمد عاشق احرار نے اپنے تعزیتی خطاب میں کہا کہ مولانا محمد اکبر مرحوم ایک مخلص دوست، نڈر اور حق گو مسلمان تھے۔ اسلام کے لئے ان کی مجاہدانہ کوششیں ہمیشہ یاد رہیں گی۔ مولانا محمد طفیل رشیدی جنرل سیکرٹری مجلس احرار قصور نے کہا کہ مجلس احرار اسلام، پاکستان کی واحد جماعت ہے جس کے پلیٹ فارم پر ماضی سے لے کر حال تک اہلسنت والجماعت کے تینوں مسلک دیو بندی، بریلوی اور اہل حدیث جمع رہے ہیں۔ اور ہمیں آج بھی فخر ہے کہ ہماری جماعت میں تینوں مسلک کے لوگ شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

آپ کو دعوت دیتے ہیں کہ قیامِ حکومتِ الٰہیہ کی جدوجہد میں مجلس احرار اسلام کے پلیٹ فارم پر جمع ہوجائیں۔ مولانا محمد اکبر مرحوم احرار کے اسی مشن کے داعی تھے۔ تعزیتی اجلاس میں ڈاکٹر حکیم زادہ محمد امین رانا ، ڈاکٹر محمد عمر (سیکرٹری افرادی قوت جمعیت علمائے پاکستان ضلع قصور) غلام سرور کھوکھر (نمائندہ صدائے سرفروش) حاجی عطاء اللہ حداد نے بھی خطاب کیا۔ نقابت کے فرائض نائب صدر مجلس احرار قصور جناب ڈاکٹر عبدالرزاق صدیقی نے ادا کئے۔

باعزت روزگار

فوج ، سکولز ، کالجز ، یونیورسٹیز ، مختلف تعلیمی اور دیگر سرکاری و غیر سرکاری اداروں میں اچھی پوسٹ حاصل کرنے کے لئے ــــ طلبا فاضل عربی کی کامیابی کے جملہ تقاضوں کے عین مطابق

جدید طرز پر

فاضل عربی

ٹیسٹ پیپرز

اینڈ

گائیڈ

(بورڈز آف پاکستان)

قرآن پاک ، پارہ سیٹ ، مجموعہ وظائف

تفاسیر ، احادیث ، فقہ ، فلسفہ ، اسلامی ، تاریخی ، سرائیکی ، سائنسی ، اردو ، عربی ، انگلش کتب

ایم اے اسلامیات

ایم اے عربی | فاضل عربی | فاضل اردو | فاضل فارسی

و تمام گائیڈز ٥ ایلوپیتھک کتب ٥ فاضل عربی کے سابقہ پانچ سالہ پرچے (در حکومت پاکستان کے منظور شدہ نصاب کے مطابق فاضل طب و جراحت کی تمام کتب دستیاب ہیں ــ آپ گھر بیٹھے اپنی پسند کی کتب کی فہرست ایک خط لکھ کر منگوا سکتے ہیں۔!

گناہوں کا کفارہ اور مغفرت کے اسباب

مترجم : حبیب الرحمٰن ہاشمی — قیمت /125 روپے

وجود کائنات سے

کیا کیا تخلیق ہوا ـــ؟

صفاتِ الٰہیہ سے متعلق علوم و معارف ، ادیبانہ اور مفسرانہ اسلوب میں

شرح اسمائے حسنیٰ اردو

از علامہ عبدالصمد صارم الازہری

570 صفحات

معلومات عزلہ کیلئے اس کتاب کا گھر میں ہونا ضروری ہے

مکتبہ قاسمیہ ملتان

نزد گھنٹہ گھر ٥ کچہری روڈ ٥ ملتان ۔ 75423 : ✆

✪

(بقیہ از ص ۵۴)

اور سیاست کے بارے میں واضح احکامات بھی پاتے ہیں۔ اسی دوسرے حصہ پر عمل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ اسلامی ریاست ہو اور اگر اس حصہ پر عمل نہ کیا جائے تو شریعت کا ایک حصہ معطل ہو کر رہ جاتا ہے اور قرآنی معاشرہ وجود میں نہیں آتا۔ یہی وجہ ہے کہ فقہائے امت نے متفقہ طور پر منصب امامت و خلافت کو فرض قرار دیا ہے اور اس بارے میں کوتاہی ایک دینی حکم کی بجا آوری میں کوتاہی ہے۔

دیں ہاتھ سے دے کر اگر آزاد ہو ملت

ہے ایسی تجارت میں مسلماں کا خسارہ

(اقبال)

© rasailojaraid.com